© rasailojaraid.com



کانفرنس میں آپ کی شرکت برائے نام ہی رہی، اصل مقصد جشن دارالعلوم کے سلسلہ میں پاکستان کا دورہ کرنا تھا، پاکستان کے چپہ چپہ پر دیوبند کے علماء اور فضلاء پھیلے ہوئے ہیں اور اللہ کے فضل وکرم سے پاکستانی مسلمانوں کی عظیم اکثریت بھی مسلک اور فکر کے اعتبار سے دیوبندی ہے اس بنا پر مولانا کا یہ دورہ بہت کامیاب رہا، وہاں کراچی، لاہور اور پشاور میں تین کمیٹیاں بن گئی ہیں جو مولانا کے مرتب کئے ہوئے پروگرام کے مطابق جشن کے لئے کام کریں گی، اس سلسلہ میں آپ حکومت کے ارکان سے بھی ملے اور ان سے وعدہ لیا کہ جشن میں شرکت کے لئے جانے والے پاکستانیوں کو پاسپورٹ حاصل کرنے میں سہولت دی جائے گی۔

---

پاکستان کے مجلات و رسائل خاص نمبروں کے لئے مشہور ہیں، عجیب اتفاق ہے کہ انھیں دنوں میں لاہور کے ماہنامہ الرشید نے اپنا باریک کتابت کا آٹھ سو صفحات کا دارالعلوم دیوبند نمبر جس کا غلغلہ مہینوں سے برپا تھا بڑے اہتمام و انتظام سے شائع کر دیا اور حضرت مہتمم صاحب کے ہاتھوں اس کا اجرا عمل میں آیا برہان میں اس نمبر پر باضابطہ تبصرہ تو عنقریب ہوگا اس موقع پر یہ کہہ دینا کافی ہے کہ یہ نمبر بڑی محنت اور خوش سلیقگی سے مرتب کیا گیا ہے اور انڈو پاک کے مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے تاریخی لٹریچر میں بڑا اہم اور قابلِ قدر اضافہ ہے۔

---



© rasailojaraid.com